رہبر معظم کا عالم مجاہد شیخ مصطفی رہنما کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 2 /Oct/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نےعالم مجاہد مرحوم حجۃ الاسلام شیخ مصطفی رہنما کے انتقال پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عالم مجاہد مرحوم حجۃ الاسلام شیخ مصطفی رہنما رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال پر ان کے پسماندگان ، دوستوں اور ساتھیوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں۔ مرحوم نے اپنی جوانی سے لیکر بڑھاپے اور نصف صدی تک مسئلہ فلسطین کے سلسلے میں اپنی فکری اور قلمی تلاش و کوشش کے شاندار اور نادر نمونے پیش کئے جس کی بدولت لوگ مرحوم کو ایک متواضع اور پائدار شخصیت کے طور پر پہچانتے تھے۔ اللہ تعالی کی بارگاہ میں مرحوم کے درجات کی بلند کے لئے دعا کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

10 /مہر ماہ /1392